20898 ـ حیض کی درمیانی مدت کتنی ہے ؟

سوال

طہر کی کم از کم مدت کیا ہے ؟
مجھے ماہواری بروقت نہیں آتی بعض اوقات کئی کئی ماہ تك حیض آتا ہی نہیں، اور بعض اوقات وقت سے قبل ہی آ جاتا ہے، دس روز قبل میں نے ماہواری سے غسل کیا ہے اس دوران کبھی کبھار زرد رنگ کا پانی آتا رہا لیکن دس روز بعد زیادہ ہوگیا اور درد کے ساتھ ماہواری کا خون آنا شروع ہو گیا مجھے کہا گیا کہ میں غسل کر کے نماز کی ادائیگی کرتی رہوں کیونکہ طہر کی کم از کم مدت پندرہ یوم ہے.
اس سلسلے میں مجھے فتوی دیں اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر عطا فرمائے کیونکہ میں نے اسے حیض سمجھتے ہوئے نماز ترك کردی تھی ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ماہواری کے درمیان طہر کی کم از کم مدت کی کوئی حد مقرر نہیں بلکہ جب ماہواری کا سیاہ اور معروف خون آئے جو بدبودار بھی ہوتا ہے عورت نماز روزہ ترك کر دے گی، شرط یہ ہے کہ اس کا مجموعی حیض نصف مدت (مہینہ میں پندرہ یوم) سے تجاوز نہ کرے.

اور طہر کے بعد زرد اور مٹیالے رنگ کا پانی آنا کچھ شمار نہیں ہوتا اور نہ ہی اسے حیض کا حکم دیا جائیگا.

واللہ اعلم .